نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ کماد کی کاشت کیلئے بیج کے انتخاب بارے کاشتکاروں کو ہدایات جاری کر دیں

لاہور:26 فروری2025() محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان کے مطابق کاشتکار بہاریہ کماد کی کاشت کیلئے بیج کا انتخاب کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔کاشتکار کماد کی بوائی کیلئے ایسے کھیتوں سے بیج کا انتخاب کریں جو مکمل صحتمند ہو، کورے سے متاثرہ اور رتہ روگ یا کسی بھی اور بیماری سے بیج بالکل پاک ہونا چاہیے۔بیج کاٹنے سے پہلے گنے کی آنکھوں کا اچھی طرح معائنہ کر لیں۔بیج کیلئے کاٹے گئے ٹکڑوں پر کم از کم دو یا تین آنکھیں موجود ہونی چاہیں۔گنے کی آنکھوں کو زخمی ہونے سے بچانے کیلئے درانتی یا پلچھی کا استعمال نہ کریں اور گنے کی کھوری اپنے ہاتھوں سے اتاریں۔ترجمان نے مزید کہا کہ بیج کیلئے لیری فصل(یک سالہ) سے انتخاب کریں، حتی الوسع مونڈھی فصل سے بیج کا انتخاب نہ کریں۔بیج کیلئے گنے کے اوپر والا حصہ استعمال کرنا چاہیے۔بیج تیار کرنے کے بعد بوائی میں دیر نہیں کرنی چاہیے اگر کسی وجہ سے دیر ہو جائے تو بیج کو کھوری سے ڈھانپ کر رکھیں اور وقفے وقفے سے پانی چھڑکتے رہیں تا کہ گنے خشک نہ ہو جائیں۔بیج کو پھپھوندی کش زہروں کے محلول میں 3 سے 5 منٹ تک بھگو کر کاشت کریں۔بروقت کاشت اور دیگر موزوں حالات میں فی ایکڑ 2 آنکھوں والے 30 ہزار سمے یا 3 آنکھوں والے 20 ہزار سمے ڈالنے چاہیں۔یہ تعداد گنے کی موٹائی کے لحاظ سے 100 تا 120 من بیج سے حاصل کی جاسکتی ہے۔اگر کاشت میں تاخیر ہو جائے تو محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے بیج کی تعداد 10 تا 15 فیصد بڑھائی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆